

# نیو یارک سٹی میں نگہداشت طفل منتخب کرنا

ہر والدین کو کیا جاننا ضروری ہے

# ایک محفوظ اور مربیانہ جگہ کس طرح منتخب کریں

اچھی نگہداشت طفل بے بی سٹنگ سے زیادہ اہم ہے۔ اس سے بچوں کو ایک تحریک انگیز، مربیانہ اور محفوظ ماحول میں کھیلنے اور سیکھنے کی ترغیب ملتی ہے۔

New York سٹی کی حکومت بچوں کی صحت کا تحفظ کرنے کے لیے نگہداشت طفل کی سہولیات کو لائسنس دیتی، انہیں منضبط اور ان کا معائنہ کرتی ہے۔

نگہداشت طفل کی اپنی تلاش میں رہنمائی اور قانون کے تقاضوں کے بارے میں جاننے کے لیے یہ کتابچہ استعمال کریں۔

## وقت نکالیں اور مدد طلب کریں

اگر آپ سے ہو سکے تو خود کو کم از کم تین مہینے کا وقت دیں:

- رشتہ داروں، دوستوں یا پڑوسیوں سے کہیں کہ جگہیں تجویز کریں یا جن جگہوں سے احتراز کرنا ہے ان کے بارے میں بتائیں۔
- اپنے مضافات میں لائسنس یافتہ سائٹس کے ناموں کے لیے یا معائنہ کے نتائج کا جائزہ لینے کے لیے 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/health/childcare** ملاحظہ کریں۔
- نگہداشت طفل کے دستیاب اختیارات (اجتماعی نگہداشت طفل، گھر پر مبنی نگہداشت طفل، اسکول پر مبنی اور اسکول کی عمر کے پروگراموں اور سمر کیمپس) کا موازنہ کریں۔

## خود سے جا کر دیکھیں

ہر سائٹ ملاحظہ کریں۔

- کیا عملہ پرجوش اور دوست مزاج ہے؟ کیا وہ بچوں سے شفقت اور احترام کے ساتھ بات کرتے اور دلچسپی کے ساتھ ان کی باتیں سنتے ہیں؟ کیا وہ بچوں سے اچھا برتاؤ کرتے ہیں – ہرگز نہیں ڈانٹتے ہیں، پکڑتے ہیں یا حقیر گردانتے ہیں؟
- کیا بچے خوش نظر آتے ہیں؟
- کیا اندر اور باہر، ہمہ وقت ان کی نگرانی کی جاتی ہے؟
- کیا نمو پانے اور سیکھنے میں بچوں کی مدد کے لیے کافی سارے کھلونے اور ساز و سامان (بلاکس، پہیلیاں، کتابیں، چکنی مٹی، غنائی آلات) اور سرگرمیاں موجود ہیں؟



## سوالات پوچھیں

- کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
- اوقات کیا ہیں؟ کیا سائٹ اواخر ہفتہ کو کھلی رہتی ہے؟
- کیا آپ کسی بھی وقت تشریف لا سکتے ہیں؟ *(جواب "ہاں" میں ہونا چاہیے!)*
- کیا آپ کو پوتڑے یا دیگر رسد لانی ہوتی ہے؟
- فیس کیا ہے؟ کم آمدنی والے خاندان مفت یا کم قیمت پر نگہداشت طفل یا انکم ٹیکس کریڈٹ کے اہل ہو سکتے ہیں *(311 پر کال کر کے پتہ کریں کہ آیا آپ اہل قرار پاتے ہیں)*۔

# قانون کا تقاضہ کیا ہے

## سائٹ کا باقاعدہ طور پر لائسنس یافتہ اور معائنہ شدہ ہونا ضروری ہے

- New York سٹی کا محکمہ صحت (New York City Health Department) اور New York اسٹیٹ کا دفتر برائے خدمات اطفال و اہل خانہ کی خدمات (New York State Office of Children and Family Services) نگہداشت طفل کی بیشتر سیٹنگز کو چلاتا ہے۔ محکمہ صحت New York سٹی کی سائٹس کا معائنہ کرتا اور انہیں پرمٹ، لائسنس اور رجسٹریشن جاری کرتا ہے۔
- فراہم کنندہ کو ایک حالیہ لائسنس دیوار پر آویزاں کرنا ضروری ہے جہاں آپ اسے دیکھ سکیں۔
- نگہداشت طفل کے مراکز سے فائر ڈپارٹمنٹ (محکمہ برائے آتش زدگی) اور بلڈنگز ڈپارٹمنٹ (محکمہ تعمیرات) کے ضوابط کی تعمیل ہونا ضروری ہے۔

## بچوں کے ساتھ رہنے کے واسطے سائٹ پر کام کرنے یا رہنے والے ہر کسی کی اسکریننگ ہونا ضروری ہے

- پروگرام کے تمام عملہ، رضاکاران اور گھر پر مبنی خدمات کے ان سبھی گھریلو ممبران کی جن کی عمر 18 سال یا زائد ہو، ایک مجرمانہ اور بچے کے ساتھ بدسلوکی/غلط برتاؤ کے پس منظر کی جانچ ہونا ضروری ہے۔
- جوعملہ بچوں کو لے کر جاتا ہے اور نگہداشت طفل مرکز کے لیے کام کرتا ہے اس کی یا اس کے ٹھیکیداروں میں سے ایک کی اسکریننگ ہونا ضروری ہے۔
- عملہ کو اچھی صحت کا مالک ہونا، جس کی تصدیق نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی جانب سے کی گئی ہو، اور ایک طبی چیک اپ حاصل کرنا ضروری ہے۔

## حفاظتی ضوابط کا تقاضہ ہے کہ نگہداشت طفل کی ساری سائٹس:

- ایک سے زائد نکاسی اور ایک ہنگامی انخلاء کا منصوبہ تیار رکھیں۔
- کافی تعداد میں بیت الخلاء اور سِنک کی سہولیات رکھیں جو صابن اور کاغذی تولیے سے آراستہ ہوں۔
- کمروں میں جس جگہ بچے ہو سکتے ہوں وہاں پر ریڈیئیٹرز اور پائپوں کو ڈھک کر رکھیں۔ ان کمروں میں پورٹیبل ہیٹرز استعمال نہیں کیے جا سکتے ہیں۔
- کھڑکی پر رکاوٹیں نصب کریں۔
- بچوں کو سوئمنگ پول یا دیگر آبی اجسام سے دور رکھنے کے لیے رکاوٹیں نصب کریں۔ *(پول کا استعمال کرنے کے لیے آپ کو اپنے بچے کے لیے تحریری اجازت دینا ضروری ہے۔)*
- ایک رو بہ عمل ٹیلیفون رکھیں اور ہنگامی فون نمبرز شائع کریں۔
- اگر نقل و حمل فراہم کرائی جاتی ہے تو New York اسٹیٹ کے محکمہ نقل و حمل (New York State Department of Transportation) کے ضوابط کی پابندی کریں اور زیر نگہداشت بچوں کی نقل و حمل کے لیے والدین کی منظوری حاصل کریں۔

## ضوابط کا تقاضہ ہے کہ شیر خوار بچوں کی نگہداشت کرنے والے سبھی پروگرام سونے کا ایک محفوظ ماحول فراہم کریں جس میں شامل ہیں:

- شیر خوار بچوں کو ان کی پشت کے بل رکھنا تاکہ نیند کے دوران حرکت کرنے میں سہولت ملے۔
- صرف امریکی کنزیومر پروڈکٹس سیفٹی کمیشن (U.S. Consumer Product Safety Commission) سے منظور شدہ پالنے اور جھولے استعمال کرنا۔
- سونے کے حصے کو بمپر پیڈز، کھلونوں، بھاری کمبلوں، تکیوں یا انفینٹ پوزیشنرز سے پاک رکھنا الّا یہ کہ طبی لحاظ سے تجویز کردہ ہو۔
- کار کی نشستوں کا استعمال ممنوع قرار دینا۔

## صحت کے ضوابط کا تقاضہ ہے کہ سبھی سائٹس:

- اس امر کی تصدیق کریں کہ اندراج یافتہ بچوں کا جسمانی معائنہ ہوا ہے اور انہیں سبھی مطلوبہ مامونیتی ٹیکے لگے ہیں۔
- ایک منظور شدہ نگہداشت صحت کا منصوبہ رکھیں۔
- بچوں کو دوائیں (بغیر نسخے کے ملنے والے مرہموں کے علاوہ) دینے کے لیے منظور شدہ ہوں۔
- ضرورت پڑنے پر، ہنگامی طبی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے والدین سے تحریری منظوری حاصل کریں۔
- ایک فرسٹ ایڈ کِٹ قابل رسائی رکھیں۔
- نگہداشت طفل کے اوقات کے دوران عملہ کو سگریٹ نوشی کرنے یا الکحل یا منشیات استعمال کرنے سے باز رکھیں۔
- سائٹ پر ایک نگراں رکھیں جو .C.P.R میں مصدقہ ہو۔
- اگر بچہ نگہداشت میں بیمار یا زخمی ہو جائے تو والدین کو مطلع کریں۔



# NYC child care connect

(نیو یارک سٹی بچے کی دیکھ بھال کا رابطہ)

- **سائن اپ** کر کے اپنے پروگرام کے بارے میں متنی اور ای میل اپ ڈیٹس حاصل کریں۔
- **اطلاع حاصل کریں** نئی معائنہ رپورٹوں کے بارے میں یا جب نئے اجازت یافتہ پروگرام آپ کے علاقے میں کھلیں۔
- **تلاش کر کے موازنہ کریں** پورے شہر میں نگہداشت طفل کے پروگراموں کا۔
- **جانیں** ان اقدامات کے بارے میں جو آپ کے بچے کو محفوظ رکھنے کیلئے فراہم کنندہ کو اختیار کرنا ضروری ہے۔

**nyc.gov** ملاحظہ کریں اور آج ہی **NYC Child Care Connect** تلاش کریں!

# اپنے بچے کا اندراج کروانے سے قبل ایک مرتبہ اور سائٹ کا دورہ کریں۔

## خود سے پوچھیں

✔ کیا میرا بچہ وہاں سیکھے گا اور خوش رہے گا؟

✔ کیا مجھے اپنے بچے کو وہاں چھوڑنے میں اطمینان ہے؟

✔ کیا میں یہاں کی فیس کا متحمل ہو سکتا ہوں؟

## مزید معلومات

- اگر آپ کے بچے کی عمر 4 سال ہے تو **Pre-K for All** (پری K فار آل) کے بارے میں **nyc.gov/PreK** پر مزید جانیں۔
- یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ مراعات یافتہ یومیہ نگہداشت کے اہل قرار پاتے ہیں 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/acs** ملاحظہ کریں۔
- ریاست کے زیر انتظام پروگراموں جیسے گھر پر مبنی نگہداشت یا اسکول کی عمر میں نگہداشت طفل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **ocfs.ny.gov** ملاحظہ کریں۔

یہ بروشر دوسری زبانوں میں حاصل کرنے کے لیے
311 پر کال کریں یا **nyc.gov** ملاحظہ کریں۔

کسی ایسی سائٹ کی رپورٹ دینے کے لیے جو آپ
کے خیال میں غیر محفوظ، غیر صحت بخش ہو یا
غیر قانونی طریقے سے کام کر رہی ہو 311 پر کال
کریں اور نگہداشت طفل کے بارے میں پوچھیں۔

EHS3050001 - 05.15

NYC Health

Urdu